www.KitaboSunnat.com

تالیف ------- ابو یحییٰ امام خاں نوشہری مرحوم

کتابت و طباعت: گوارا --- کاغذ سفید صفحات: ۴۴۴ --- قیمت: ۱۰ روپے

ناشر: ------- حافظ عبدالرشید اظہر سلفی، جامعہ سلفیہ لائل پور

مسلمانوں نے بحیثیت قوم "تاریخ و سیر کو اپنا پسندیدہ موضوع بنایا اور اس میدان میں ایسی گراں بہا خدمات انجام دیں کہ غیر مسلم مستشرقین تک سے داد وصول کی ہے۔ ڈاکٹر سپرنگر کا قول ہے کہ مسلمانوں کے علمی سرمائے میں "اسماء الرجال" ایسا علم ہے جس کی مثال کوئی دوسری قوم پیش کرنے سے عاجز ہے۔

برصغیر میں صوفیائے کرام اور شعراء کے کئی تذکرے لکھے گئے مگر علماء کے حالات کی طرف چنداں توجہ نہ دی گئی اکبر کے زمانے میں ملا عبدالقادر بدایونی نے اپنی تاریخ میں اور بعد ازاں شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے "اخبار الاخیار" میں علماء کے تراجم کے لیے چند اوراق مخصوص کیے ہیں۔ ایسے اہل علم کی ضرورت تھی جو علمائے کرام کے تراجم اور تذکرے لکھتے۔ مولانا غلام علی آزاد بلگرامی نے "مآثر الکرام" اور "سبحۃ المرجان" لکھ کر کسی حد تک اس غفلت کی تلافی کی۔ بعد میں مولانا عبدالحی فرنگی محلی "طرب الاماثل"، نواب صدیق حسن خاں "ابجد العلوم"، اور "اتحاف النبلاء" لکھ کر ہندوستان کی علمی تاریخ منظر عام پر لائے۔ مولوی رحمان علی نے "تذکرہ علمائے ہند" مرتب کیا مگر تعصب سے کام لیتے ہوئے خانوادہ ولی اللہی کو صحیح مقام نہ دیا۔ دور جدید میں مولانا عبدالحی لکھنوی نے بیس سال کی محنت شاقہ سے آٹھ ضخیم جلدوں میں "نزہت الخواطر" جیسا رفیع الشان تذکرہ لکھا۔

مندرجہ بالا تذکروں کے علاوہ مختلف علاقوں کے مشاہیر کے تذکرے بھی لکھے گئے جیسے تذکرہ کاملانِ رام پور، وقائع عبدالقادر خانی، تذکرہ مشاہیر مالواری، تذکرہ اہل دہلی وغیرہ۔ ان تذکروں میں بھی ضمناً علمائے کرام کے حالات آگئے ہیں۔

اس روایت کو ابو یحییٰ امام خاں نوشہروی نے مزید آگے بڑھایا اور علمائے حدیث کے حالات کو اپنا موضوعِ سخن قرار دیا۔ اس تذکرے میں انہوں نے غیر منقسم ہند میں حدیث و سنت کی عظیم الشان خدمات سرانجام دینے والوں کا ذکر کیا ہے۔ جذبۂ اتباعِ سنّت میں تصوف و فقہ کے علاوہ حدیث و سنت کی ترویج کے لیے انتھک کوششیں کیں۔ زیر مطالعہ تذکرے میں دو سو علمائے کرام کا تعارف کرایا گیا ہے مرتب نے متقدمین کی کوششوں سے بھرپور استفادہ کیا ہے اور اپنے دور کے علماء کے حالات نہایت محنت سے جمع کیے ہیں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ